Prime Minister's meeting with the Prime Minister of Australia on the sidelines of G-20 Summit in Bali

November 16, 2022

بالی میں منعقدہ جی-20 سربراہ اجلاس کے شانہ بہ شانہ آسٹریلیا کے وزیر اعظم کے ساتھ وزیر اعظم کی ملاقات

نومبر 16 2022

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج بالی میں منعقدہ جی-20 سربراہ اجلاس کے شانہ بہ شانہ آسٹریلیا کے وزیر اعظم عزت مآب جناب انتھونی البانیز سے ملاقات کی۔

2.دونوں قائدین نے جامع کلیدی شراکت داری کے تحت دونوں ممالک کے درمیان عمدہ تعلقات ، اور بھارت – آسٹریلیا کے درمیان باقاعدہ طور پر ہونے والی اعلیٰ سطحی بات چیت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں قائدین نے دفاع، کاروبار، تعلیم، صاف ستھری توانائی اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان تعلقات کو عمیق بنانے میں ہوئی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ تعلیم، خصوصاً اعلیٰ تعلیم، پیشہ وارانہ تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی کے شعبہ میں ادارہ جاتی شراکت داری پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔

3.دونوں قائدین نے باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی موضوعات پر نظریات کا تبادلہ کیا۔ ان موضوعات میں مستحکم اور پر امن انڈو-پیسفک خطہ، موسمیات سے متعلق معاملات اور بھارت کی جی20 صدارت سے متعلق ان کا ساجھا نقطہ نظر شامل تھا۔

4.وزیر اعظم جلد از جلد بھارت میں وزیر اعظم البانیز کا خیرمقدم کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔

بالی

نومبر 16 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.